# انڈیا فاؤنڈیشن فار دی آرٹس

اپنے آرٹس پریکٹس پروگرام کے تحت

## ورکشاپس / ریزیڈینسیز کیلئے

درخواستیں مدعو کرتا ہے۔

درخواستیں سال بھر کبھی بھی بھیجی جاسکتی ہیں

**آرٹس پریکٹس پروگرام** ایسے پراجکٹس یا منصوبوں کی تشکیل کی جانب گامزن ہے جو آرٹسٹ کو انکے موجودہ کام کے دائرے کو وسعت دینے میں مدد کرے اور انھیں نئی راہیں دکھائے۔ یہ نہ صرف موجودہ روشوں پر سوال اٹھانے میں اور انکے مواد، ہئیت اور میڈیئم کی حدوں کو پار کرنے میں مدد کرے بلکہ انکے خاص مقام، انکے ناظرین اور سماج کے ساتھ شمولیت میں نئے طریقے ڈھونڈنے میں اور تجربے کی روح کو بنیاد بنانے میں مدد کرے۔

**ورکشاپس / رہائش:**

تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی مختلف شعبوں، نسلوں، تجربوں اور علاقوں کے آرٹسٹس نے ایک ساتھ اکٹھا ہو کر سوچا، گفتگو کی، اور اپنی تکنیک وخیالات کو سدھارنے کی کوشش کی، ہمیشہ کچھ نہ کچھ نئے انقلابی آرٹسٹک مواد، طریقے، اور نظریئے ابھرے ہیں۔ آج یہ ورکشاپس اور ریزیڈینسیز وغیرہ جو آرٹ پریکٹس سے متعلق ہیں خاص طور پر بہت اہم جگہیں بن گئی ہیں جہاں ہم مرتبہ آرٹسٹس اور انکے نیٹ ورکس جب ملتے ہیں تو تخلیقی قوتوں کا ایک غیر متوقع سنگم ہوتا ہے۔ اس پر بات ہوتی ہے کہ انکی کارکردگی کیسے ترقی کر رہی ہے اور کس سمت میں جا رہی ہے۔ یہ ملاقاتیں ایسے پلیٹ فارم بھی بن کر ابھرتے ہیں جہاں ابھی تک ان سنی آوازوں کو سننے کا موقع ملتا ہے۔

آرٹ پریکٹس پروگرام کے تحت ہم ورکشاپس / رہائش کیلئے ایسے پروپوزلس مدعو کرتے ہیں جن کے ذریعے ایسے ماحول اور مواقع بنائے جائیں جو لین دین، گفتگو، بحث ومباحثہ، علمیت اور اتالیقی کو فروغ دیں۔ اس میں ایسی عارضی رہائش شامل ہوسکتی ہیں جو آرٹسٹس کی پرورش کریں، باہمی اشتراک کی حوصلہ افزائی کریں اور تجربوں کو بڑھاوا دیں۔ ورکشاپس یا اور دوسرے قسم کے اجتماعات جو معلومات میں اضافہ کرنے میں، بصیرت پیدا کرنے اور آرٹس کی کارکردگی کو وسیع بنانے میں مدد کریں۔

پروجیکٹ کی مدت: 6 مہینے تک

بجٹ: زیادہ سے زیادہ -/3,00,000 (تین لاکھ) روپئے تک

کیلنڈر: درخواستیں سال بھر کبھی بھی بھیجی جاسکتی ہیں

**پروپوزل کون بھیج سکتا ہے:**

یہ پروگرام ان تمام کام کرنے والوں سے پروپوزل مدعو کرتا ہے جو کسی بھی ایک یا ایک سے زیادہ ڈسپلن یا موضوع پر کام کر رہے ہوں مثلاً

- اداکار آرٹسٹ جو موسیقی، آواز، الفاظ، رقص، حرکت، تھیٹر، کٹھ پتلی، کہانی کاری، جادو، سرکس یا دوسرے پرفارمنگ آرٹس کے کارندے ہوں۔
- تصویری آرٹسٹس جو ہر طرح کے فارمس میں کام کر رہے ہوں بشمول فلم (ڈاکیومینٹری اور فکشن)، اینیمیشن، فوٹوگرافی، انسٹالیشن، نیومیڈیا، مصنوعی عقل، روبوٹکس، انٹریکٹیو آرٹس، گیمنگ، پینٹنگ، مجسمہ سازی، چھپائی، کامکس، گرافک نیریٹیو، آرٹسٹ بک، اور دوسرے تصویری آرٹس۔
- کیوریٹرز، خاص طور پر وہ جو گیلری کی باقاعدگی سے باہر کام کر رہے ہوں۔
- شاعر، ناولسٹ اور ڈرامہ نویس جو ادب کے ساتھ کام کرتے ہوں۔
- آرٹسٹس جو ایک سے زیادہ ڈسپلنس یا میدانوں میں کام کرتے ہیں۔

**اہلیت:**

آپ پروجکٹ پروپوزل بھیج سکتے ہیں اگر آپ ایک ہندوستانی شہری ہیں۔آپ کے ساتھ م کام کرنے والے افراد کو بھی ہندوستانی ہونا چاہئے۔تفصیل کیلئے یہاں کلک کریں۔

**پروپوزل بھیجنے کی ہدایات:**

-فائنل پروپوزل تحریری شکل میں ہی ہونا چاہئے۔

اپنا بایوڈاٹا (اپنے پتے،فون نمبر اور ایمیل کے ساتھ ) بھیجئے اپنے پروپوزل کے ساتھ جس میں مندرجہ ذیل کا بیان ہو:

-آپ کی موجودہ آرٹ کارکردگی،افکار اور ایک آرٹسٹ کے طور پر آپکی دلچسپیاں۔

-تجویز کردہ ورکشاپ/ریزیڈنسی کے لئے آپکا محرک

-تجویز کردہ ورکشاپ/ریزیڈنسی کے لئے موضوعی فوکس

-ورکشاپ/ریزیڈنسی کے تھیم کی تصوراتی وضاحت

-سہولت کارو/شرکاءیا تعاون کار کیا تجربہ حاصل کرینگے

-ورکشاپ/ریزیڈنسی کے تجویز کردہ طریقے

-ٹائم لائن (پروڈکشن کی کون سی چیز کب ہوگی )اور بجٹ

-آپکے پچھلے کام کے کچھ نمونے

آپ اپنا پروپوزل انگریزی سمیت کسی بھی ہندوستانی زبان میں بھیج سکتے ہیں۔آئی ایف اے انگریزی کے علاوہ ہندوستانی زبانوں میں پروجکٹس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

-وضاحت کیلئے آپ اپنے سوال یا ابھرتے خیالات تحریری،آوازی یا ویڈیو فارمیٹ میں آئی ایف اے اسٹاف کو بھیج سکتے ہیں۔

آپ اپنا فائنل پروپوزل بھیجیں جان زیویرس، پروگرام آفیسر،آرٹس پریکٹس، کے نام (john@indiaifa.org) پر

سبجکٹ لائن میں: Project Proposal for Workshops/Residencies (Arts Practice)

کسی بھی سوال یا اپنے پروپوزل کے بارے میں وضاحت کیلئے بھی اس پر ایمیل پر لکھیں۔

**تمام چندہ پراجکٹس آئی ایف اے کے ذریعے لاگو کئے جائینگے۔**

***براہ کرم جان لیں کہ IFA ایک ایسا محفوظ ماحول بنانے کیلیے پرعزم ہے جو بچوں سمیت ہر کسی کا احترام،حمایت اور تحفظ کرتا ہو۔پروپوزل بھیجنے والوں کو بھی اسی تصور سے ہم آہنگ ہونا چاہئے اور اسے ہر وقت برقرار رکھنا چاہیے۔***